فوری ریلیز کے لیے: 21/7/2023 ***گورنر KATHY HOCHUL***

گورنر KATHY HOCHUL نے نئی انتظامی تعیناتی کا اعلان کر دیا

گورنر Kathy Hochul نے آج Anthony Hogrebe کی بطور کمیونکیشنز ڈائریکٹر تقرری کا اعلان کیا ہے۔

"اب جبکہ ہم نیو یارک کو زیادہ سستا، زیادہ قابل رہائش اور زیادہ محفوظ بنانے کے لئے کام کر رہے ہیں، تو اس کے لئے ایک باصلاحیت اور تجربہ کار ٹیم کا موجود ہونا ضروری ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "مجھے Anthony Hogrebe کو اپنی انتظامیہ میں خوش آمدید کہتے ہوئے بہت خوشی محسوس ہو رہی ہے اور اب جب کہ ہم ریاست نیو یارک کی ترقی و پیشرفت میں مصروف عمل ہیں تو مجھے یقین ہے کہ نیو یارک کی حکومت اور سیاست میں ان کا دہائیوں کا تجربہ ہماری ٹیم کے لئے ایک قیمتی اثاثہ ثابت ہوگا۔ میں نیویارک کے شہریوں کے لئے Julie Wood کی سخت محنت اور لگن کے لئے ان کی بہت شکر گزار ہوں، جو گورنر کی حیثیت سے میرے عہدے کے آغاز سے ہی میرے ساتھ ساتھ رہی ہیں۔"

مارچ 2022 سے، Anthony نے نیو یارک شہر کے میئر Eric Adams کے لئے اسٹریٹجک مواصلات کے پہلے ڈپٹی کمیونیکیشن ڈائریکٹر اور سینئر مشیر کے طور پر خدمات انجام دی ہیں۔ اس سے قبل وہ نیویارک اور واشنگٹن ڈی سی میں قائم پبلک افیئرز فرم Marathon Strategies میں سینئر نائب صدر رہے ہیں؛ New York City Economic Development Corporation میں پبلک افیئرز کے سربراہ رہے ہیں؛ اور نیو یارک سٹی کونسل کی اسپیکر Christine Quinn کے سینئر مشیر رہے ہیں۔ Hogrebe نے کارنیل یونیورسٹی سے گریجویشن کی ہے اور ان کے سیاسی تجربے میں متعدد صدارتی اور کانگریسی مہمات کے ساتھ ساتھ نیویارک شہر کے میئر اور ریاست نیویارک کے اٹارنی جنرل کے لئے بھی مہمات شامل ہیں۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418